# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Friday the December 05, 2025

(356th Session)

Volume XII, No.05

(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XII SP.XII (05)/2025

No.05 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran....1
2. Questions and Answers....1
3. Leave of Absence....3
4. Consideration and Passage of [The National Agri-trade and Food Safety Authority Bill, 2025]....5
5. Laying of Annual Reports on the Observance and Implementation of Principles of Policy for the years 2021-22 and 2022-23....8
6. Calling Attention Notice moved by Senator Asad Qasim regarding the text messages being sent to the filers by FBR causing breach of financial privacy....9
    - Mr. Tariq Fazal Chaudhary, Federal Minister for Parliamentary Affairs....9
    - Senator Azam Nazeer Tarar....12
7. Amendments moved by Senator Saleem Mandviwalla, on his behalf and on behalf of other Senators, in sub-rule (5) of Rule 166 of Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012....14
8. Laying of the Transfer of Railways (Amendment) Ordinance, 2025 (Ordinance No. X of 2025)....16
9. Point of Public Importance raised by Senator Manzoor Ahmed regarding load shedding of electricity and gas during the winter season in the province of Balochistan....17
10. Point of Public Importance raised by Senator Zamir Hussain Ghumro regarding gas load shedding in Sindh and the relocation of PPL and Sui gas certain Headquarters from Sindh to Islamabad....19
11. Points of Public Importance raised by Senator Abdul Shakoor regarding (i) unemployment in Balochistan (ii) provision of Security to Former Senator Hafiz Hamdullah (iii) The labors stranded on the Afghanistan side due to the border closure. ....21
    - Dr. Tariq Fazal Chaudhry, Minister for Parliamentary Affairs....22
12. Point of public importance raised by Senator Syed Waqar Mehdi regarding load shedding of electricity and low pressure of gas in the province of Sindh....25
13. Points of Public Importance raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding extortion by Police at Isakhel Interchange....26
14. Point of Public Importance raised by Senator Syed Masroor Ahsan regarding the unannounced load shedding of Gas and Electricity....27
15. Points of Public Importance raised by Senator Mashal Azam regarding denial of permission to meet with wife of Founder of PTI and remarks passed by Senator Khalil Tahir....29
    - Senator Khalil Tahir....33
    - Senator Rana Sana Ullah Khan....34
16. Point of Public Importance raised by Senator Abdul Wasay regarding visa restriction for Pakistani Nationals by the UAE and other gulf countries....36
17. Point of Public Importance raised by Senator Danesh Kumar regarding the missing of a girl and killing of a child in Badin....37

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Friday, the December 05, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at forty five minutes past ten in the morning with Mr. Presiding Officer (Senator Shahadat Awan) in the Chair.

----------------

## **Recitation from the Holy Quran**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً وَّ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَ رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٥﴾

ترجمہ: وہ اللہ ہی تو ہے جس نے تمھارے لیے زمین کو جائے قرار بنایا اور اوپر آسمان کا گنبد بنا دیا۔ جس نے تمھاری صورت بنائی اور بڑی ہی عمدہ بنائی۔ جس نے تمھیں پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا۔ وہی اللہ (جس کے یہ کام ہیں) تمھارا رب ہے۔ بے حساب برکتوں والا ہے وہ کائنات کا رب۔ وہی زندہ ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی کو تم پکارو اپنے دین کو اسی کے لیے خالص کرکے۔ ساری تعریف اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہے۔

سورۃ المومن (آیات ٦٣ تا ٦٤)

## **Questions and Answers**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: السلام علیکم۔ جمعہ مبارک۔

Now we may take up the questions. So far, my questions are concerned, pertains to Senator Shahadat Awan are stand deferred. Question Nos.52, 53, 54, 23, 26, 28

are deferred. Next question No.117 is in the name of Senator Anusha Rahman Ahmad Khan, she is not present.

(Q.No.117)

Mr. Presiding Officer: Then question No.118 Senator Anusha Rahman Ahmad Khan, she is not present.

(Q.No.118)

Mr. Presiding Officer: Then question No.119, Senator Abdul Shakoor Khan *Sahib*.

سینیٹر عبدالشکور خان: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میرا سوال وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات سے تھا کہ کیا وہ بیان فرمائیں گے کہ حکومت بلوچستان کے زرعی، معدنی اور ماہی گیری کے شعبوں کو گوادر ائیرپورٹ کے ذریعے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر عبدالشکور خان صاحب، مجھے ذرا پوچھنے دیں، منسٹر صاحب کیا آپ جواب دیں گے کیونکہ متعلقہ منسٹر صاحب کی طرف سے deferment کی request آئی ہے، کیا آپ جواب دیں گے؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): جناب میرے پاس اس کی request نہیں آئی، میرے پاس کوئی تین یا چار وزارتوں کے سوالات ہیں لیکن یہ میرے پاس نہیں آیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر عبدالشکور خان صاحب، اگر اسے defer کر دیں کیونکہ منسٹر صاحب کی request آئی ہوئی ہے، next session میں اسے لگا دیں گے۔

سینیٹر عبدالشکور خان: بالکل جناب، کل بھی میرا سوال defer ہوا تھا۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چونکہ منسٹر صاحب کی request آئی ہوئی ہے اس لیے آپ سے درخواست ہے کہ next session کے لیے اس کو defer کر دیتے ہیں، اگلے اجلاس میں اسے لگا دیں گے۔

سینیٹر عبدالشکور خان: جی، بالکل ٹھیک ہے جناب۔ (جاری ۔۔۔T-02)

T02-05Dec2025 FAZAL/ED: Mubashir 10:50 am

سینیٹر عبدالشکور خان: (جاری۔۔۔۔) جی، بالکل ٹھیک ہے جناب۔

Senator Fawzia Arshad: -----into account and it is a very serious matter that whenever--------

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ! آپ کا جب question آئے گا تو ہم آپ کو سنیں گے۔ آپ کا کوئی سوال defer نہیں ہوگا۔

ان شاء اللہ تعالیٰ ایسا نہیں ہوگا۔ Monday کو سیشن ہوگا۔ منسٹر صاحب موجود ہیں، ایک request آگئی۔

Now, Question No. 129, Senator Samina Mumtaz Zehri Sahiba.

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری صاحبہ موجود نہیں ہیں۔ Welcome, Minister Sahib.

Next Question No. 130, stands in the name of Senator Shahadat Awan, that is deferred. Then Question No. 11, Senator Ali Zafar Sahib,

موجود نہیں ہیں۔ Then next is Question No. 12, Senator Zeeshan Khan Zada. سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب موجود نہیں ہیں۔ میرے خیال میں اعظم صاحب! Questions تو پورے ہوگئے ہیں۔

Now, leave applications.

**Leave of Absence**

Mr. Presiding Officer: Senator Mashal Azam has requested for the grant of leave for 15 days during the 353rd Session and 3rd, 6th, 9th and 10th October, 2025 during 354th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Abdul Karim has requested for the grant of leave for 28th November and 1st December, 2025 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Manzoor Ahmed Sahib has requested for the grant of leave for 28th November and 1st December, 2025 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Umer Farooq Sahib has requested for the grant of leave for 28th November, 2025 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: We may now take up the Order No. 3 which is further consideration of the motion moved by Rana Tanveer Hussain, Minister for National Food Security and Research, on 14th November, 2025:-

> "That the Bill to establish the National Agri-trade and Food Safety Authority [The National Agri-trade and Food Safety Authority Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

Yes, Minister Sahib.

**Consideration and Passage of [The National Agri-trade and Food Safety Authority Bill, 2025]**

Senator Nazeer Azam Tarar (Minister for Law and Justice): With kind permission, sir, I on behalf of Rana Tanveer Hussain, Minister for National Food Security and Research, move that Bill to establish the National Agri-trade and Food Safety Authority [The National Agri-trade and Food Safety Authority Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب چیئرمین! اگر یہ motion آجاتی ہے تو اس میں ہوا یہ تھا، if all of us recall that during the 14th November 2025 sitting, the Minister in-charge Rana Tanveer Hussain اُنہوں نے 26 Clauses میں amendments دی تھیں اور جب Bill final passage پر گیا، جب Preamble and Clause 1 put کیا گیا، تو اُس وقت ہاؤس نے sense دیا کہ اسے اس شکل میں پاس نہ کیا جائے۔ Sir, I have been instructed by the Minister concerned کہ جی آپ وہ ساری جو amendments ہیں shall be treated as withdrawn and only with one amendment in Clause 38, the Bill may kindly be considered for passage. تو جناب چیئرمین! I am stating on behalf of Minister in-charge کہ جو amendments اُس روز previous Session میں November 14th کے Session میں put کی گئی تھیں ہاؤس میں اور اُن کی passage ہوگئی تھی with amendments لیکن final passage کے time پر when Preamble and Clause 1 was put to House, it was the sense of House کہ نہیں اس کو original شکل میں دیکھیں گے۔

Sir, after the resolution of this issue, I have moved the Bill. There would be one amendment in the clause at the relevant time. I request the honourable Chair to put the Bill for passage, sir.

*(Interruption)*

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ایک منٹ۔جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: بہت شکریہ۔ 14 نومبر 2025 کو جو وزیر محترم رانا تنویر حسین صاحب ہیں انہوں نے یہ جو بل تھا، یہ مسودہ جو تھا وہ ایوان بالا میں پیش کیا تھا اور اس میں 26 کے قریب شقیں تھیں ان میں کچھ تبدیلیوں کے بارے میں کہا گیا تھا کہ وہ کر لی جائیں۔جب مسودے کے عنوان اور اس کی شق نمبر ایک کے اوپر ایوان کی رائے لی گئی تو ایوان نے کہا کہ نہیں، بہتر ہے کہ اس کو تبدیلیوں کے بغیر ہی پاس کر دیا جائے۔ تو مشاورت کے بعد مجھے یہ ہدایت ملی ہے وزیر موصوف رانا تنویر حسین صاحب کی طرف سے، وہ اس وقت سرکاری مصروفیت کی وجہ سے اٹلی (روم) میں ہیں۔انہوں نے کہا ہے کہ میں بالکل اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ اگر ایوان اس Bill کو بغیر تبدیلیوں یعنی amendments کے پاس کرنا چاہتا ہے تو پاس کر دیا جائے۔ بہر کیف جو شق نمبر 38 ہے یا ایک اور شق میں تبدیلی suggest کی گئی ہے۔ شاید وہ خلیل طاہر صاحب کی تبدیلی تھی وہ بھی in consultation ہے۔ جناب چیئرمین! یہ Bill ایوان کو پیش کر دیا جائے۔ یہ ایک کوشش کی گئی ہے فصلوں کے حوالے سے اور food security کے حوالے سے بہت سارے معاملات ہیں۔۔۔

Mr. Presiding Officer: Thank you, Minister Sahib. Last time I heard. Now, the Clauses 2 to 37. There is no amendment in Clauses 2 to 37. So, I will put these Clauses as one question. The question is that Clauses 2 to 37, do form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The Clauses 2 to 37 stand part of the Bill. There is an amendment in Clause 38 in the name of Senator Khalil Tahir Sahib. Please move the amendment.

Senator Khalil Tahir: Thank you, Mr. Chairman. I, Senator Khalil Tahir Sandhu, move that in the National Agri-trade and Food Safety Authority Bill, 2025, as reported by the Standing Committee, in Clause 38, for sub-clause 3, the following shall be substituted, namely:-

"Every employee of the department specified in sub-section 1 shall stand transferred to the surplus pool of the Establishment Division.

Mr. Presiding Officer: I now put the...

Senator Azam Nazeer Tarar: I opposed because

یہ ان کے rights کو protect کرتا ہے کہ کسی کو sack نہ کیا جائے اور کسی کو گھر نہ بھیجا جائے۔ یہ ملازمین surplus pool میں آئیں گے اور پھر ان کی دیگر محکموں میں adjustment ہو جائے گی۔ کچھ لوگ ہوں گے جو اس restructuring کی وجہ سے affect ہوں گے۔ تو یہ ہمارے دوستوں کے کہنے پر اس کو ensure کیا گیا ہے کہ ان کے rights کو تحفظ حاصل ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Thank you, Minister Sahib. I now put the amendment before the house.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The amendment is adopted. Now, the question is that Clause 38 as amended, do form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The Clause 38 as amended stands part of the Bill. Clauses 39 to 43. There is no amendment in Clauses 39 to 43. So, I will put these Clauses as one question. The question is that Clauses 39 to 43, do form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The Clauses 39 to 43 stand part of the Bill. We may now take up Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 1, the Preamble and the Title, stands part of the Bill. We may now take up Order No. 4. (Followed by …T03)

**T03-05Dec2025 Rafaqat Waheed/Ed: Khalid 11:00 am**

Mr. Presiding Officer: (Continued…) Clause 1, the Preamble and the Title, stands part of the Bill. We may now take up Order No.4.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! ایک تھوڑی سی درستی ہے، جو پہلے میں نے put کیا ہے، وہ آرڈر نمبر 3 تھا۔ میرے خیال میں مجھے پڑھنے میں تھوڑی سی confusion آئی تھی۔

Now, I am placing it for the House. I, on behalf of Rana Tanveer Hussain, Minister for National Food Security and Research, move that the Bill to establish the National Agri-trade and Food Safety Authority [The National Agri-trade and Food Safety Authority Bill, 2025], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The Bill stands passed. Now, we take up Order No.5 which stands in the name of Senator Azam Nazeer Tarar sahib.

## Laying of Annual Reports on the Observance and Implementation of Principles of Policy for the years 2021-22 and 2022-23

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, I lay before the Senate the Annual Reports on the Observance and Implementation of Principles of Policy for the years 2021-22 and 2022-23 as required under clause (3) of Article 29 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Presiding Officer: Reports stand laid. There is a Calling Attention Notice at Order No.6 in the name of Senator Zeeshan Khan Zada. He may please raise the matter. He is not present. We now move on to Order No.7. There is another Calling Attention Notice at Order No.7 in name of Senator Asad Qasim sahib. He may please raise the matter.

**Calling Attention Notice moved by Senator Asad Qasim regarding the text messages being sent to the filers by FBR causing breach of financial privacy**

سینیٹر اسد قاسم: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میرا سوال وزیر خزانہ صاحب سے ہے۔ FBR کی طرف سے privacy کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، messages میں لوگوں کے bank balances اور ان کی transactions انہیں SMS کی جا رہی ہیں جو کہ حکومت کے اپنے انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 216 کے خلاف ہے۔ یہ چیز ہمارے آئین کے آرٹیکل 14 جو کہ right to privacy کے متعلق ہے، اس کی بھی breach ہے۔ اس طریقے سے لوگوں کے bank balances and transactions بغیر ان کی knowledge کے انہیں SMS نہیں کیے جا سکتے۔ Section 216 prohibits the sharing or exposing tax payers' banking data, sending account balances or transaction details through SMS is unlawful disclosure. لہٰذا، منسٹر صاحب سے میرا سوال ہے کہ جب یہ چیزیں ان کے اپنے ہی laws کے خلاف ہیں تو یہ کس طرح لوگوں کو SMS کی جا رہی ہیں۔ منسٹر صاحب جواب دینا پسند کریں گے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

**Mr. Tariq Fazal Chaudhary, Federal Minister for Parliamentary Affairs**

جناب طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ سینیٹر صاحب نے جو چیز point out اور highlight کی ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ FBR نے filers کو اور non-filers کو messages بھیجے ہیں اور those messages were pertaining to their bank accounts کہ آپ کے اکاؤنٹ میں اتنی amount پڑی ہے اور آپ کے tax returns میں یہ show نہیں ہو رہی۔ لہٰذا، مہربانی فرما کر آپ اپنے bank accounts کو اپنی tax returns کے ساتھ

match کریں۔ جو سینیٹر صاحب نے ساتھ یہ بات کی ہے کہ FBR اپنے قوانین کو follow نہیں کر رہا اور ان کی کوئی خلاف ورزی ہو رہی ہے، میں وہ دو sections پڑھ دیتا ہوں جس کے تحت FBR نے یہ notices بھیجے ہیں۔ Section 165A of the Ordinance authorizes every banking company to furnish prescribed information to the Board including the particulars of deposits, withdrawals and payments above defined limit. اس کے بعد میں سیکشن 175A پڑھ دیتا ہوں۔

It provides for real time access to information and database from designated agencies such as NADRA, FIA, State Bank of Pakistan, provincial land authorities, electricity and gas utilities etc. All these Sections enable FBR to collect data.

دوسری بات یہ ہے کہ یہ messages جو بھیجے گئے ہیں، اگر میرے اکاؤنٹ کا message آیا ہے تو صرف مجھے آیا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ کسی اور کے اکاؤنٹ کی detail میرے پاس آئی ہے۔ Individual filer ہو یا non-filer ہو، ان کے اپنے اکاؤنٹ کی details یا اگر کوئی difference تھا تو وہ particularly اس individual کو گیا ہے۔ So, this is not breach of trust or any secrecy. All this formulation has been done as per the Act. میں نے آپ کے سامنے sections پڑھ دیے ہیں۔ شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! چونکہ میں داخلہ کی کمیٹی کا ممبر بھی ہوں، وہاں پر اس طرح کا similar matter pending ہے۔ اگر آپ کہتے ہیں تو سینیٹر اسد قاسم صاحب بھی داخلہ کی کمیٹی میں جا کر اپنا point raise کر لیں تو مناسب ہوگا۔ وہاں پر باقاعدہ FIA نے آپ کو جواب دیا ہے۔ منسٹر صاحب کو سن لیں۔

جناب طارق فضل چوہدری: جناب! اگر آپ اسے بھجوانا چاہتے ہیں تو ضرور بھجوائیں، مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اسد صاحب! آپ بولیں۔

سینیٹر اسد قاسم: جناب! یہ جس قانون کی بات ہو رہی ہے، اسی کے اندر یہ لکھا ہے کہ FBR can only collect information. They cannot broadcast it. دوسری بات، ان کا سیکشن 122 کہتا ہے کہ due process before

opportunity of FBR کو FBR، گا issue کرنا پڑے گا، FBR کو نوٹس making any tax adjustments جس کے اندر

explanation دینی پڑے گی، اس کے بعد جا کر وہ bank balances share کر سکتے ہیں۔ ایک آدمی کا bank balance اس کے manager کے پاس چلا جاتا ہے، اس کا balance, main presentation میں اس کے پاس چلا جاتا ہے، کمپنیوں کے accounts ہوتے ہیں جو وہ share نہیں کرنا چاہتے۔ ہر کسی کی ایک privacy ہے۔ میرا یا آپ کا موبائل ہے، لوگ تو یہاں بیویوں سے bank balance چھپاتے ہیں۔ یہاں تو ایک پوری کمپنی چلتی ہے، ایک manager کا فون نمبر ہے، اس کو پوری کمپنی کا balance مل جائے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اسد قاسم صاحب! منسٹر صاحب کو سن لیں کیا فرماتے ہیں۔

جناب طارق فضل چوہدری: ایک تو honourable Chair کی جو desire ہے، اگر آپ اس کو اسٹینڈنگ کمیٹی برائے خزانہ کو بھجوانا چاہتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں لیکن میں ایک چیز عرض کروں کہ جو بات معزز سینیٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ information broadcast کی جاتی ہے تو مجھے کسی ٹی۔وی چینل کا نام بتائیں جہاں پر ان کی یا میری information broadcast ہوئی ہو۔ کوئی information broadcast نہیں ہوتی۔ اگر میرے اکاؤنٹ کی detail صرف میرے SMS میں آئی ہے اور اس میں discrepancy ہے تو یہ broadcast نہیں ہے۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جو مجھے بتائی جا رہی ہے کہ آپ اپنے tax returns میں فلاں amount کو چھپا رہے ہیں۔ یہ چیز secrecy کے عین مطابق ہے۔ آپ ایک individual کی personal information اسی کے ساتھ share کر رہے ہیں۔ اس کو mix نہ کیا جائے کہ وہ information کسی اور کو جا رہی ہے۔ بینک منیجر کا اگر نام لے رہے ہیں تو میرے جتنے accounts جس جس بینک میں ہیں، وہ بینک منیجر کی access میں تو ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ بینک منیجر میرا اکاؤنٹ کھولتا ہے تو اس کی آنکھیں بند ہو جاتی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ اسد قاسم صاحب! وزیر قانون صاحب کو سن لیں، پھر اس کے بعد بات کریں۔

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ تھوڑی دیر تحمل سے بیٹھ جائیں، اس ہاؤس کو ہم سب نے ایک طریقے سے چلانا ہے۔ آپ ہمارے لیے بڑے محترم ہیں، چھوٹے بھائی بھی ہیں اور ماشاءاللہ، بہت پڑھے لکھے بھی ہیں۔ دیکھیں ٹیکس گزار اور regulator کے درمیان معاملات کو legal طریقے سے دیکھنا ہے۔ سینیٹ یا قومی اسمبلی کے فلور سے یہ بات تو ہم نہیں کر سکتے کہ کوئی کسی کو پوچھے ہی نہیں۔ ٹیکس regulations کے پورے فریم ورک کے تحت فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو اختیار دیا گیا ہے جس میں ٹیکس گزار سے یہ پوچھا جاتا ہے کہ آپ کی یہ چیزیں ہیں۔ اب آپ کہتے ہیں کہ بینک سے بھی نہ پوچھیں۔ Yes, FBR having the authority to ask certain details اسی وجہ سے آپ اپنے bank accounts دیتے ہیں اور بتاتے بھی ہیں۔ اب ہم نے جو FTR کے حوالے سے اور Anti-Money Laundering laws کے ذریعے suspicious transactions کا جو ایک mechanism بنایا ہے، وہ بھی تو تقریباً یہی ہے اور وہ FBR کو بھی کرتے ہیں۔ اب تو worldwide یہ بھی ہے، پہلے predicate offence کا تھا جو آپ سے زیادہ بہتر کوئی نہیں جانتا، anti-money laundering اب نئے pressures دنیا جہان میں یہ آگئے ہیں کہ tax evasion بھی predicate offence ہی ہے، لہٰذا، آپ اس سے نکل آئیں۔ میرے خیال میں اس کو اتنا complicate نہ کریں۔ As long as it is between the tax payer and the FBR کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ اگر میرے اکاؤنٹ میں تین کروڑ یا پانچ کروڑ پڑا ہے اور میں نے پچھلے سال کی return میں اسے نہیں دیا ہوا اور مجھے صرف یاددہانی کے لیے وہ مجھے communicate کر رہے ہیں کہ اس کا خیال کیجیے گا یا میں نے تین properties خریدی ہیں اور ان کی نظر میں، میں tax payer نہیں ہوں تو بالکل یہ اس کا اختیار ہے، اس کو ہم issue نہ بنائیں۔ کمیٹی میں وہ چیزیں جاتی ہیں جو unresolved ہوں جن کے متعلق سمجھ نہ آ رہی ہو۔ سلیم مانڈوی والا صاحب فنانس کمیٹی کے بہت ہی تجربہ کار چیئرمین ہیں، کمیٹی میں جب آپ بیٹھے ہوں گے، FBR والے آئے ہوتے ہیں، ان سے وہاں پوچھ لیجیے گا۔ یہ کوئی ایسا issue نہیں ہے جو کہ law سے باہر ہے۔ اسی وجہ سے اب روز کوئی نہ کوئی بحث generate ہوتی ہے کہ جو ہمارا legal framework ہے، ہم اس کے اندر رہ کر بات کریں۔ میں بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ وزیر موصوف نے قانونی relevant شقوں کا حوالہ دیتے ہوئے سارا معاملہ explain کر دیا ہے۔ اس کو اب مزید probe کرنے کے لیے کمیٹی کو بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کمیٹی کسی time پر session میں ہو گی، وہ خود دیکھیں کہ کوئی ایسا معاملہ ان کے سامنے آیا ہے، they can also take note of it. اس لیے اسے dispose of فرما دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر اسد قاسم صاحب۔ (جاری۔۔۔T04)

T04-05Dec2025 Abdul Razique/Ed: Shakeel 11:10 am

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: (جاری۔۔۔۔) سینیٹر اسد قاسم صاحب۔

سینیٹر اسد قاسم: جناب! میں Constitution کو follow کرتا ہوں اور Article 14 کے تحت right of privacy کی بات کرتا ہوں۔ Let's say کہ میں اپنی بات کرتا ہوں کہ میں اس option کو استعمال نہیں کرنا چاہتا ہوں۔ میں بھی tax filer and tax payer ہوں۔ میرے پاس یہ option ہی نہیں کہ میں اسے opt نہ کروں۔ میرا جو message ہے اور جو بھیجنا ہے، انہوں نے بھیجا ہے۔ FBR کا ایک پورا portal ہے اور ایک IRS system ہے۔ ہم سب filers ہیں اور اس کے تحت ان کو follow کر رہے ہیں۔ اگر ہمیں ہمارے balances phone پر نہیں چاہیے تو نہیں چاہیے۔ As a filer and a citizen, Constitution کے Article 14 کے تحت یہ ہمارا پورا right ہے تو انہیں منع کرنے کا option ہی نہیں ہے۔ جب ہمیں ایک چیز نہیں دیکھنی ہو تو FBR ہماری permission بغیر کہ ہمیں کیسے ایک چیز بھیج سکتی ہے۔ یہ صرف میرا سوال نہیں بلکہ آدھا پاکستان چیخ رہا ہے۔ لوگوں نے بینکوں میں پیسے رکھنا بند کر دیے ہیں کہ اس طرح یہ ہمیں ہمارے balances بھیج رہے ہیں۔ آپ اسے کمیٹی کو بھیجیں کیونکہ یہ چھوٹا مسئلہ نہیں بلکہ بہت بڑا مسئلہ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، میرے خیال میں سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب، اسے اپنی کمیٹی میں دیکھ لیں گے۔ دوستوں کی تسلی بھی ہو جائے گی۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی اعظم نذیر تارڑ صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! اگر یہ insistence ہے کہ ہر چیز کمیٹی میں جائے تو پھر اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہم Question Hour کو ختم کردیں اور یہ کہہ دیا کریں کہ Calling Attention Notice اور ساری متعلقہ چیزیں کمیٹیوں میں direct جمع کرادیا کریں۔ مجھے کبھی یاد ہے کیونکہ ابھی میرا چھوٹا سا تجربہ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی نہیں، آپ کا بہت تجربہ ہے۔ چونکہ دو، تین سینیٹر صاحبان بھی یہی کہہ رہے ہیں۔ بیرسٹر ضمیر حسین گھمروصاحب ایک constitutional ماہر ہیں اور آپ کے وکیل دوست ہیں، وہ بھی کہہ رہے ہیں۔ آپ کے دو، تین اور وکیل دوست بھی یہی کہہ رہے ہیں تو میرا خیال ہے کہ اسے کمیٹی کو بھیج دیتے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میری مجال ہی نہیں کہ اسے oppose کروں۔ میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ جب ہم آئے تو یہ دیکھتے تھے کہ چھ مہینے میں ایک چیز کمیٹی کو جاتی تھی۔ اب ہر دوسرے سوال پر یہ فرمائش ہے کہ اسے کمیٹی کو بھیج دیں باقی اب جو آپ کا decision ہے۔

Mr. Presiding Officer: The matter is referred to the Standing Committee concerned. There is a Supplementary Agenda. It stands in the names of Senators Saleem Mandviwalla, Mohammad Abdul Qadir, Anusha Rehman Ahmed Khan, Palwasha Mohmmed Zai Khan, M. Fesal Vawda, Syed Masroor Ahsan, Amir Waliuddin Chishti, Sardar Al-Haj Muhammad Umer Gorgaij, Dr. Afnan Ullah Khan, Syed Waqar Mehdi and Shahdat Awan. On their behalf, Senator Saleem Mandiwalla, please move Order. No. 8, on the Supplementary Orders of the Day.

## **Amendments moved by Senator Saleem Mandviwalla, on his behalf and on behalf of other Senators, in sub-rule (5) of Rule 166 of Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012**

Senator Saleem Mandviwalla: I, on my behalf and on behalf of other Senators, seek leave under sub-rule (4) of Rule 278 of Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, to move that sub-rule (5) of Rule 166 of the said Rules may be substituted as under:-

‘(5) Public petition submitted by a citizen or group of citizens in prescribed form as provided in Rule 277 of these Rules; may be presented on any matter of public importance, including grievances arising out of disputes where the circumstances disclose an element of public interest, systematic concern, regulatory oversight and (or) protection of rights. Following such consideration, the Committee may issue:

(a) observations or recommendations for systematic or regulatory improvements; and,
(b) facilitative guidance for resolution of the grievance placed before it; to take necessary steps for disposal of the matter in accordance with the relevant law:

Provided that, notwithstanding anything contained in this Rule, the Chairman Senate may, at his sole discretion, review, admit, pend, dispense with, or decline to proceed with any petition, if in his opinion such action is necessary in the interest of proprietary, parliamentary discipline, or to prevent frivolous, vexatious or otherwise inappropriate proceedings.’

Mr. Presiding Officer: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The Member has leave of the House to move the proposed amendment. Senator Saleem Mandviwalla, please mover Order. No. 9 on your behalf and on behalf of mentioned Senators.

Senator Saleem Mandviwalla: I, on my behalf and behalf of other Senators, move that the proposed substitution of sub-rule (5) of Rule 166 of the Rules of

Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, be taken into consideration.

Mr. Presiding Officer: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The proposed amendment is referred to the Committee on the Rules of Procedure and Privileges for consideration and report. We, now, move onto Order. No. 11 in the Supplementary Orders of the Day. It stands in the name of Muhammad Hanif Abbasi, Minister for Railways. On his behalf, Senator Azam Nazreer Tarar. Please move Order. No. 11.

**<u>Laying of the Transfer of Railways (Amendment) Ordinance, 2025 (Ordinance No. X of 2025)</u>**

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir! I, on behalf of Mr. Muhammad Hanif Abbasi, Minister for Railways, lay before the Senate the Transfer of Railways (Amendment) Ordinance, 2025 (Ordinance No. X of 2025) as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Presiding Officer: The Ordinance stands laid. It is laid first in the Senate, therefore, in terms of paragraph (b) of clause (3) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, it will be treated as a Bill introduced in the Senate. Accordingly, the Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Yes, Senator Manzoor Ahmed.

سینیٹر منظور احمد: جناب! میں نے ایک Point of Public Importance پر بات کرنی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بات کریں۔

**Point of Public Importance raised by Senator Manzoor Ahmed regarding load shedding of electricity and gas during the winter season in the province of Balochistan**

سینیٹر منظور احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! اچھا ہے کہ منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس پر آپ بلوچستان کے حوالے سے بلکہ پاکستان کے حوالے سے بھی بات کر سکتے ہیں۔ اب آئی ہے سردی۔ بلوچستان کا ایک المیہ ایسا ہے کہ جب گرمی آئے تو بجلی غائب ہو جاتی ہے اور جب سردی آئے تو پھر گیس غائب ہو جاتی ہے۔ 21ویں صدی میں بھی ہم آج یہی گیس، پانی، روڈ اور بجلی کے حوالے سے بات کرتے ہیں۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہاں پر۔۔۔ اگر منسٹر صاحب سن لیں تو اچھی بات ہے۔ اعظم نذیر تارڑ صاحب جا رہے ہیں۔ چونکہ Point of Public Importance کی باتیں ہیں تو میرے خیال یہ زیادہ importance نہیں رکھتی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ حکم کیا کریں۔ وہ آپ کے وکیل بھائی ہیں اور آپ کو سنتے رہتے ہیں۔

سینیٹر منظور احمد: جناب! جب ہم Committees میں بیٹھتے ہیں اور وہاں departments کی باتیں سنتے ہیں چاہے وہ واپڈا کے حوالے سے ہوں یا پیٹرولیم اور گیس کے حوالے سے ہوں کہ تمام چیزیں بہتر ہیں اور صحیح سمت میں جا رہی ہیں۔ بلوچستان میں ابھی بھی 15, 15 اور 16,16 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی ہے۔ اب سردیوں کا موسم ہے۔ چلے گرمیوں میں تو لوڈشیڈنگ ہوتی ہی ہوتی ہے لیکن اب سردی کے موسم میں بھی گیس اور بجلی دونوں کی لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے۔ آپ interior بلوچستان کو تو چھوڑیں۔ اگر میں کوئٹہ سٹی کے حوالے سے بھی بات کروں تو وہاں پر 12، 12 اور 14، 14 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہے۔ اب میں ایک ہفتہ گزار کے آیا ہوں۔ چلیں اگر لوگ کہتے ہیں تو جھوٹ کہتے ہیں لیکن میں ایک ہفتہ گزار کے آیا ہوں۔ وہاں نہ گیس تھا اور نہ ہی بجلی۔ جب ہم نے electricity meters کی بات کی جو گھروں میں لگے ہوئے تھے اور میں بجلی کے حوالے سے بات کروں گا کہ انہوں نے وہ meters گھروں سے اتار کر electric poles پر لگا دیے۔ جب ہم نے ان سے کہا کہ۔۔۔ (جاری۔۔۔T05)

T05-05Dec2025 Babar/Ed: Mubashir 11:20 am

سینیٹر منظور احمد: (جاری۔۔۔۔) جب ہم نے ان سے کہا کہ انہوں نے یہ meters کیوں electric poles پر لگائے ہیں تو انہوں نے کہا ہے اس لئے لگا رہے ہیں کہ لوگ اس سے چوری کر رہے تھے اور اب لوڈ شیڈنگ ختم ہو جائے گی۔ مسٹر چیئرمین! وہ electric

poles پر لگے لیکن لوڈ شیڈنگ بھی اسی طرح چل رہی ہے اور جو bills ہیں، اس کی بھرمار ہے۔ خدارا! غریب عوام پر رحم کریں۔ ان کی زندگی پر اور ان کے بچوں پر رحم کریں۔ اسی طرح بلوچستان میں اگر گیس کی بات کروں تو same مسئلہ ہے۔ اب جب درجہ حرارت مائنس میں چل رہا ہے اور اس مائنس درجہ حرارت میں جب آٹھ، آٹھ اور دس، دس گھنٹے کی گیس کی لوڈ شیڈنگ ہو تو لوگ کس کے پاس جائیں اور کہا جائیں۔ ہم تو یہی کہیں گے، پھر کہیں گے کہ بلوچستان کا رونا رو رہے ہیں اور بلوچستان کا حق کبھی بھی پورا ہی نہیں ہوتا۔ یہاں پر دوستوں نے پہلے بھی بات کی تھی۔ اگر یہ حالات ہوں، گیس میرا ہو اور پورے پاکستان کو جارہا ہو اور مجھے گیس نہ مل رہی ہو تو یہ انتہائی افسوس کی بات ہے۔ ہم تو اس قابل بھی نہیں کہ جو آپ کا ہیڈ آفس ہے، اسے آپ نے کراچی اور سندھ میں بنایا۔ میں کراچی کے خلاف نہیں ہوں لیکن اگر گیس بلوچستان سے نکل رہا ہے تو پھر ہیڈ آفس بھی بلوچستان میں ہونا چاہیے۔ پھر اگر میں بات کروں کہ اس میں جو employees لگے ہوئے ہیں، آپ جاکے دیکھیں کہ بلوچستان کے کتنے employees لگے ہیں۔ چلیں اسے چھوڑ دیتا ہوں لیکن کم از کم آپ بلوچستان کے لوگوں کو گیس اور بجلی تو دیں۔ اس مائنس درجہ حرارت میں آپ جا کر ان کی زندگی دیکھ لیں۔ ان کا کیا قصور ہے؟ کہتے ہیں کہ بجلی چوری ہو رہی ہے۔ بجلی تو آپ خود چوری کرتے ہو اور اس کا ملبہ سارے عوام کے اوپر ڈال دیتے ہو۔

جناب! آپ کہتے ہیں کہ پیچھے سے گیس نہیں آ رہی۔ گیس بھی ہے اور سب کچھ ہے لیکن آپ عوام کو relief دینا ہی نہیں چاہتے ہیں۔ آپ نے کبھی یہ سوچا ہی نہیں کہ میں نے عوام کو relief دینا ہے، میں نے اس غریب عوام پر رحم کرنا ہے، میں نے اس غریب عوام کو تعلیم دینا ہے اور میں نے اس غریب عوام کو صحت دینا ہے۔ آپ نے یہ کبھی سوچا بھی نہیں ہے اور نہ کبھی سوچیں گے کیونکہ آپ کی نیت ہی نہیں ہے۔ اگر آپ کی نیت ہوتی تو شاید عوام کو جو اس مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں یہ نہ کرتے۔ عوام ایک نوالے کے لیے ترس رہے ہیں۔ ابھی آپ دیکھ لیں۔ انہوں نے پٹرول کو دو روپے کم کر دیا ہے، اور جب بڑھایا جاتا ہے تو پھر نو روپے بڑھایا جاتا ہے۔ جب آپ پیٹرول بڑھا دیتے ہیں تو اس سے مہنگائی کا جو ایک طوفان آتا ہے وہ بھی سب کے سامنے ہے۔ وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ خدارا اس عوام پر تو ابھی رحم کریں، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: .Thank you Manzoor Kakar Sahib سینیٹر مسرور احسن صاحب، شاید آپ بھی اس وقت اسی پر بولنا چاہتے ہیں، پھر اکٹھا جواب دے دیا جائے گا۔ شاید ان کا بھی یہی سوال ہو، گھمرو صاحب کو پہلے دے دیں۔ سر ایک منٹ، سینیٹر منظور کاکڑ صاحب کی بات رہ گئی۔

سینیٹر منظور احمد: جناب ایک بات یہ بھی کہتا چلوں کہ یہ جو PIA کا مسئلہ بنا ہوا ہے، ابھی بلوچستان سے کراچی جانا ہو، لاہور جانا ہو یا اسلام آباد آنا ہو، 80ہزار، 85ہزار روپے کا fare آرہا ہے۔ میرے خیال میں دبئی جانا اس سے سستا ہوگا لیکن بلوچستان کے لیے یہ fare بہت زیادتی ہوگی۔اس کے حوالے سے بھی اگر منسٹر صاحب دیکھ لیں کہ جو یہ fare آرہا ہے، یہ عوام کے ساتھ ظلم ہے۔ وہ afford نہیں کر سکتے۔ اس کے علاوہ وہاں پر جو سڑکوں کا مسئلہ چل رہا ہے، جو بلوچستان کے حالات ہیں، لوگ traveling کر ہی نہیں سکتے۔ اس کے بعد یہ جو 80ہزار، 85ہزار روپے fare رکھے گئے ہیں، یہ انتہائی ظلم کی بات ہے۔ منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ خدارا ان چیزوں پر ذرا غور کر لیں۔ ان کی طرف اگر تھوڑی توجہ دے دیں۔ باقی چیزیں تو ملک میں چل رہی ہیں اور وہ چلتی رہیں گی، لیکن اگر ہم عوام کو relief نہیں دیں گے، تو خدانخواستہ اگر یہ عوام نکلی تو یہ پھر ہم سب کے لیے ٹھیک نہیں ہوگا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منظور احمد کاکڑ صاحب، آپ نے بہت اہم بات کی ہے۔ سینیٹر مسرور احسن صاحب، آپ سے پہلے بولنا تھا لیکن آپ بولیں۔ جی سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب۔

## **Point of Public Importance raised by Senator Zamir Hussain Ghumro regarding gas load shedding in Sindh and the relocation of PPL and Sui gas certain Headquarters from Sindh to Islamabad**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: ابھی سینیٹر منظور احمد کاکڑ صاحب نے جو بات کی کہ ہمارے ہاں سندھ میں بھی ایک ہی issue ہے کہ winter کے دوران جو گیس لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے، کیونکہ یہ جو دونوں Provinces ہیں، تقریباً 22فیصد پاکستان کی گیس بلوچستان پیدا کرتا ہے اور 70 فیصد سندھ پیدا کرتا ہے۔ Constitution کے Article 158 میں لکھا ہوا ہے کہ پہلی priority اس صوبے کی ہوگی جہاں سے وہ نکلتا ہے۔ سندھ میں ہمارے جو industrial centers ہیں، آپ بھی وہاں سے ہیں تو وہاں جو load shedding کی situation ہے، ابھی winter میں industries کافی affect ہو رہی ہیں، اور domestic consumer کے علاوہ جو industrial output ہے، وہ بھی affect ہو رہا ہے۔ اگر Minister صاحب بتادیں کہ why this situation is developing and Government کی کیوں اتنی planning نہیں ہے کہ ہر winter میں یہ issue ہوتا ہے کہ وہاں سے industries کی آواز آتی ہے کہ ہماری output ہی ختم ہو گئی ہے۔اس طرح سے electricity during winter,

electricity load shedding نہیں ہونی چاہیے کیونکہ اس وقت load کم ہوتا ہے۔ یہ جو situationہے، یہ بھی particularly سندھ اور بلوچستان میں کافی خراب ہے۔ میں منظور صاحب کی بات کو بالکل support کرتا ہوں کیونکہ یہ عوامی مسئلہ ہے۔ یہ Government اور Opposition دونوں کا مسئلہ ہے اور اس میں کسی کو criticize کرنے کی بات نہیں ہے لیکن جو public importanceکے issues ہیں، وہ raise کرتے ہیں۔Even Constitution کے Article 148میں یہ لکھا ہوا ہے کہ Federal Governmentاپنے executive authority کسی بھی صوبے میں اس صوبے کے مفاد میں exercise کرے گی۔ وہ بھی دیکھنا چاہیے اور عوام کے جو مسائل ہیں خاص طور پر بجلی کے حوالے سے winter میں سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کو بڑی تنگی ہوتی ہے۔ منسٹر صاحب اس مسئلے کو Federal Government کے ساتھ take up کرے۔اس کے علاوہ PPL اور Sui Gas کے جو headquarters ہیں، PPL particularly کا headquarters کیونکہ 56 فیصد سے زیادہ تیل سندھ سے پیدا ہوتا ہے،اب PPL اپنا headquarters کراچی سے Islamabad shift کر رہی ہے۔اس کے کیا اسباب ہیں کیونکہ زیادہ تیل تو سندھ پیدا کرتا ہے۔ میرے خیال میں ان ملازمین میں بھی بے چینی ہےاور Government کو یہ بات clear کرنی چاہیے کہ تمامheadquarters بلوچستان یا سندھ سے اسلام آباد کیوں shift کیے جا رہے ہیں، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر عبدالشکور صاحب۔

سینیٹر عبدالشکور خان: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔الحمد للہ رب العالمین، سیدنا محمد والی الہ اجمعین۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! پہلی تو میری یہ گزارش ہوگی کہ شاید میں زیادہ اس بات کو نہ سمجھوں، آپ ہی مجھے سمجھا دیں کہ ہم public interest میں بات کرتے ہیں تو کوئی سننے والا یا کوئی عمل کرنے والا ہے کیونکہ مقصد یہ نہیں ہوتا کہ صرف بات کریں۔آپ یقین دہانی کرائیں کہ کم از کم یہ سن رہے ہیں اور Ministriesکے پاس یہ ہماری بات پہنچ جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب موجود ہیں، وہ جواب دیں گے۔

**Points of Public Importance raised by Senator Abdul Shakoor regarding (i) unemployment in Balochistan (ii) provision of Security to Former Senator Hafiz Hamdullah (iii) The labors stranded on the Afghanistan side due to the border closure.**

سینیٹر عبدالشکور خان: میری دو تین گزارشات ہیں۔ ایک بلوچستان کے حوالے سے بہت بڑا مسئلہ ہے۔ ویسے بھی بلوچستان مسائل کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ غیر ملکی قوتیں بھی اس میں involve ہو گئی ہیں اور ملکی قوتیں کیا کر رہی ہے تو یہ ایک لمبی story ہے اور میں اس لمبی story میں نہیں جاؤں گا۔ جناب ! آج میں بلوچستان کے جس مسئلے کے حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں، وہ مسئلہ بے روزگاری کا ہے۔ میرے خیال سے بے روزگاری ایک بہت بڑا مسئلہ بن گئی ہے اور نوجوان غیر ملکی قوتوں کے آلائے کار بن رہے ہیں۔ ایک report کے مطابق جو میرے لوگوں سے مجھے پہنچی ہے کہ باہر سے ان لوگوں کو تین، تین، چار چار لاکھ روپے تنخواہیں مل رہی ہے۔ وہ لوگ تین تین، چار چار لاکھ روپے لیں رہے ہیں کیونکہ بے روزگاری کی حالت میں ہیں۔ ملکی policies کون بناتا ہے؟ Afghan Border بند ہے۔ Iran Border بھی بند ہے۔ تقریباً بلوچستان کی اکثر معیشت ان دو borders سے منسلک تھی اوراب یہ دونوں borders بند ہیں۔ تو اگر Ministry of Youth Affairs کو یہ ہدایت چلی جائیں کہ خدارا بلوچستان کو تھوڑا سا تو focus کرے اور بلوچستان میں تھوڑا کام کرے۔

دوسری بات یہ کہ ہمارے جو سابق سینیٹر حافظ حمد اللہ صاحب ہیں، وہ JUI کے بڑے اہم رہنما ہیں تو حکومت بلوچستان نے انہیں جو سیکورٹی دی تھی، وہ واپس لے لی ہے تو میں خواہش کروں گا کہ آپ Interior Ministry کو ہدایات دیں کہ وہ حافظ صاحب کی حفاظت کا بندوبست فرمادیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ ہدایت دیں کہ ۔۔۔ (جاری۔۔۔۔۔T06)

T06-05Dec2025 Taj/Ed. Khalid 11:30 am

سینیٹر عبدالشکور خان: (جاری۔۔۔۔۔) کہ وہ حافظ صاحب کی حفاظت کا بندوبست فرما دیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ ہدایت دیں کہ وزارت داخلہ حافظ حمد اللہ صاحب کی حفاظت کے لیے کوئی security مہیا کرے۔ ان پر تین مرتبہ حملے ہو چکے ہیں۔ وہ ہمارے جمعیت علماء اسلام کے اہم رہنما ہیں۔ ان کی security کا بڑامسئلہ ہے۔

جناب! ایک اور مسئلہ ہے۔ چمن بارڈر تقریباً دو، اڑھائی مہینوں سے بند ہے۔ ہمارے دو ہزار پاکستانی وہاں پر پھنس کر رہ گئے ہیں۔ جو ہمارے بھائی ویزے پر گئے تھے وہ وہاں بارڈر پر پھنسے ہوئے ہیں۔ میرے خیال میں یہ بھی وزارت داخلہ کا کام ہوگا۔ وزارت داخلہ کو یہ ہدایت جاری کی جائے کہ کم از کم جو ہمارے پاکستانی وہاں گئے تھے۔ جناب! خان امان اللہ خان عجیب کی سربراہی میں چمن میں کئی قبائل کا ایک جرگہ ہوا تھا، ہزاروں لوگوں کا ایک جرگہ ہوا تھا اور ان کا ایک ہی مطالبہ تھا کہ بارڈر بند ہونے کی وجہ سے ہمارے جو لوگ افغانستان میں پھنس گئے ہیں، جو ویزے پر گئے تھے، وہ وہاں پر پھنس گئے تو ان کو واپس لانے کے لیے ان کو راہداری دی جائے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، عبدالشکور صاحب۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب! آپ جواب دینا چاہیں گے؟

**Dr. Tariq Fazal Chaudhry, Minister for Parliamentary Affairs**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): جی جناب۔ بہت شکریہ، محترم چیئرمین۔ معزز سینیٹرز نے دو تین points اٹھائے ہیں۔ میں مختصراً ان کا جواب دوں گا کیونکہ قومی اسمبلی کا اجلاس بھی شروع ہو چکا ہے۔ سب سے پہلے کاکڑ صاحب نے گیس اور بجلی لوڈ شیڈنگ کی جو بات کی ہے۔ جناب! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کے جو بھی وسائل ہیں وہ تمام صوبوں کے لیے یکساں ہیں اور تمام صوبوں کی جو آبادی کی تناسب ہے، اس کے حوالے سے ان کا برابر کا حق ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ ان وسائل پر کسی ایک صوبے کو اس کے حق سے زیادہ اس کو فوقیت دی جائے، مراعات دی جائیں اور دوسروں کو محروم رکھا جائے۔ بجلی کے حوالے سے میں یہ عرض کروں گا کہ پاکستان میں اس وقت کسی جگہ پر بھی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نہیں ہو رہی ہے۔ جو اعلانیہ لوڈ شیڈنگ ہے، اس کا باقاعدہ ایک criteria بنایا گیا ہے کہ جن جن اضلاع میں اور دوبارہ میں یہ کہوں گا کہ میں چاروں صوبوں کی بات کر رہا ہوں، یہ شکایات لوڈ شیڈنگ کے حوالے سے جو آ رہی ہیں وہ چاروں صوبوں سے آ رہی ہیں۔ جو criteria بنایا گیا ہے وہ یہ ہے کہ کتنی line losses ہیں، کتنی theft کس فیڈر پر ہے، کس ریجن میں ہے اور اسی حساب سے ایک table بنایا گیا ہے کہ اگر اتنا فیصد چوری ہے، line losses ہیں تو ایک گھنٹے سے لے کر چھ، سات گھنٹے تک کا وقت ہے اور یہ چاروں صوبوں میں یکساں نافذ العمل ہے۔ لہٰذا، سینٹر صاحب نے جو کہا۔ میرا خیال ہے کہ وہ بات کر کے چلے گئے ہیں۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میرے خیال میں وہ پانی پینے کے لیے گئے ہیں۔ جی۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جو انہوں نے گلہ کیا۔ جناب! میں نے وضاحت کر دی ہے کہ کسی صوبے کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں ہے۔ دوسری گزارش یہ ہے کہ جو بات انہوں نے پی آئی اے کے tickets کے حوالے سے کی ہے۔ یہ بالکل ان کا جائز concern ہے۔ اس سے پہلے اس حوالے سے ایوان میں ایک سوال بھی پوچھا گیا تھا۔ جو concerned authorities ہیں، ہماری پہلے Ministry of Aviation ہوتی تھی اب وہ ڈویژن کی شکل میں وزارت دفاع کے ساتھ attached ہے۔ سینیٹرز اور ایوان بالا کا یہ concern concerned authorities کو پہنچا دیا گیا ہے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ وہ concern address ہوگا۔

جناب! بارڈرز کی بات کی گئی۔ ایران بارڈر سے تیل کی unlimited smuggling ہو رہی تھی۔ اس کو check کرنے کے لیے وہاں پر ایک mechanism بنایا گیا ہے کہ یہ سمگلنگ پاکستان میں ایران کے بارڈر سے نہ کی جا سکے۔ شکایات کی جا رہی ہے کہ بارڈر بند ہے، بارڈر بالکل بھی بند نہیں ہے لیکن سمگلنگ کی روک تھام کے لیے یہ اقدامات کیے گئے ہیں۔ معزز سینیٹر صاحب نے بلوچستان میں بے روزگاری کی بات کی ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کو facilitate کرنے کے لیے، چاہے وہ ہماری پچھلی حکومت ہو، 2013 سے لے کے 2018 تک، جب میاں نواز شریف وزیراعظم تھے، چاہے موجودہ حکومت ہو، تمام تر وہ اقدامات اٹھائے گئے ہیں جن سے بلوچستان کی youth کو engage کیا جا سکے۔ انہیں دانش سکولوں کے قیام کی شکل میں educate کرنا، وہاں پر کیڈٹ کالج کا قیام۔ یہ میں میاں نواز شریف صاحب کے دور سے بتا رہا ہوں کہ بلوچستان کے طلبا کے لیے ہمارے میڈیکل کالجز میں یا یہاں پر جو Engineering universities ہیں، ان میں ان کے quota کی enhancement, اس کے علاوہ special courses اور ان کے تمام تر تعلیمی اخراجات، وظائف وفاقی حکومت کی طرف سے دیئے ہیں۔ یہ صرف بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے تھا کیونکہ وہاں پر ایک تاثر تھا کہ وہ youth underprivileged ہے۔ انہیں educate کرنا اور انہیں تعلیم کے بہترین مواقع دینے کے لیے یہ سارے اقدامات اٹھائے گئے۔

آپ نے دیکھا ہوگا کہ بلوچستان میں پچھلے دنوں دہشت گردوں کے خلاف جو operations ہوئے ہیں، ان میں کاکڑ قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک میجر شہید ہوئے۔ میں نے ان کا نام اس لیے لیا کہ بلوچستان کے نوجوان زندگی کے ہر شعبے میں پاکستان کے ہر شعبے میں موجود ہیں۔ افواج میں بھی اپنا نام پیدا کر رہے ہیں، صوبے کا، اپنے خاندان کا، اس وطن کے لیے قربانیاں دے رہے ہیں۔ لہٰذا وہ کسی حوالے سے بھی mainstream سے segregate نہیں ہیں۔

جناب! افغان بارڈر کی بات کی گئی۔ گزارش یہ ہے کہ افغانستان ہمارا ایک برادر اسلامی ملک ہے اور افغان عوام کے ساتھ ہمارے صدیوں پرانے اس خطے کے ایسے رشتے ہیں جو توڑے نہیں جا سکتے اور نہ ہم توڑنا چاہتے ہیں۔ ان کے لیے ہمیں بہت عزت اور احترام ہے لیکن جو افغان طالبان regime ہے انہیں بارہا یہ درخواست بھی کی گئی ہے، دوحہ اور استنبول میں ان سے ہمارے مذاکرات ہوئے۔ ہمارے اسلامی دوست ممالک قطر اور ترکیہ نے اس میں میزبان کا کردار ادا کیا۔ ان سے صرف ایک چیز مانگی گئی کہ آپ اس بات کی surety دیں کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہو گی۔ انہوں نے زبانی اقرار کیا لیکن تحریری طور پر وہ لکھ کر دینے کے لیے تیار نہیں تھے۔ جناب! میری گزارش یہ ہے پورے پاکستان کے عوام سے سوال ہے کہ کیا یہ ممکن ہے کہ طالبان regime پاکستان میں جو دہشت گردی ہو رہی ہے، اسے بھی نہ روکیں، افغانستان میں دہشت گردوں کے جو محفوظ پناہ گاہیں ہیں، انہیں بھی وہ ختم نہ کریں اور اس کے بعد وہ یہ کہیں کہ ساتھ پاکستان سے تجارت بھی ہو، جناب! یہ دونوں کام تو ایک ساتھ نہیں ہو سکتے۔ اگر انہیں پاکستان کے ساتھ تجارت چاہیے تو پھر اس کے لیے دہشتگردی کا خاتمہ ضروری ہے۔ اس میں وہ اپنا کردار ادا کریں۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عبدالشکور صاحب! پہلے ان کو بات کرنے دیں، پھر آپ بات کریں۔ جی۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: نہیں، میں نے صرف تجارت کی بات کی ہے۔ جن افغانیوں کے پاس legal, valid documents ہیں، وہ پاکستان میں رہ رہے ہیں، انہیں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ اسی طرح اگر پاکستان کے کچھ لوگ تجارت کے لیے افغانستان گئے ہیں، ویزے پر گئے ہیں اور واپس آنے کے لیے کوئی problem ہے تو میں ان شاء اللہ تعالیٰ وزارت داخلہ کے گوش گزار کروں گا اور اس مسئلے کو حل کریں گے۔

آپ نے سینیٹر حافظ حمد اللہ صاحب کے حوالے سے بات کی، یہ بھی میں وزیر داخلہ کے گوش گزار کروں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عبدالشکور صاحب! ان کو بتا دیں گے، بات کروا دیں گے۔ شکریہ۔ سینیٹر سید وقار مہدی صاحب۔

**Point of public importance raised by Senator Syed Waqar Mehdi regarding load shedding of electricity and low pressure of gas in the province of Sindh**

سینیٹر سید وقار مہدی: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! وزیر صاحب نے جواب دے دیا۔ میری بھی یہی کچھ معروضات ان کے لیے تھیں۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ فاضل سینیٹر منظور کاکڑ صاحب نے بات کی کہ گیس نکلتی ہے بلوچستان سے اور اس کا Head office کراچی میں ہے۔ سندھ سے 71% گیس نکلتی ہے۔ سب سے زیادہ صوبہ سندھ gas produce کرتا ہے، اس لیے سوئی سدرن گیس کا ہیڈ آفس بھی کراچی میں ہے۔ میں ایک بات کہتا چلوں کہ گیس اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ حد سے زیادہ ہے۔ صوبہ سندھ کے شہریوں کو جو اعلانیہ طور پر گیس فراہم کی جا رہی ہے، جا کر اس کا pressure check کریں، low pressure ہے، جو time انہوں نے دیا ہے، وہ صبح چھ بجے سے رات کے ساڑھے نو بجے تک تھا، اس وقت pressure بھی نہیں ہے۔ یہ صورت حال گرمیوں میں بھی رہی، رمضان میں بھی رہی، آج بھی شہروں میں اور تقریباً پورے صوبہ سندھ کے تمام شہروں میں یہی صورت حال ہے۔ قادر پور گیس فیلڈ جو گھوٹکی میں ہے، گھوٹکی کے اطراف میں بھی اگر آپ دیکھیں تو وہاں بھی یہی صورت حال آپ کو ملے گی۔ جو ضلع بڑی مقدار میں گیس پیدا کر رہا ہے۔

وزیر صاحب نے کہا کہ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نہیں ہو رہی ہے۔ میں آپ کو کراچی شہر کی مثال دوں۔ (جاری----T07)

T07-05Dec2025 Ali/Ed: Shakeel 11:40 am

سینیٹر سید وقار مہدی: (جاری----) میں آپ کو کراچی شہر کی مثال دوں، آپ K-Electric کا data منگوائیے، جہاں billing 100% ہے، وہاں بھی ہفتے میں چار مرتبہ یا پانچ مرتبہ ڈیڑھ ڈیڑھ گھنٹے کی load shedding ہو جاتی ہے۔ لیکن وہ کیا کہتے ہیں؟ کہ جی fault ہو گیا، feeder trip ہو گیا۔ میں آپ کو علاقے بتا سکتا ہوں، آپ کا خود تعلق کراچی شہر سے ہے تو k-Electric جس کو privatize کیا گیا، حکومت پاکستان کے پاس اس کے شاید 26% shares ہیں، لیکن یہ اس سے پوچھ نہیں سکتے؛ بلکہ الٹا اس کو subsidy بھی دے رہے ہیں، لیکن اس کا فائدہ نیچے لوگوں کو نہیں ہو رہا۔ تو کم از کم کوئی تو accountable کرے k-Electric کو کہ کراچی شہر میں سولہ گھنٹے کی load shedding ہے، کہیں بارہ گھنٹے کی load shedding ہے، چاہے وہ کورنگی کا علاقہ ہو، نئی کراچی کا ہو، ناظم آباد کا ہو، اورنگی ٹاؤن کا ہو، لیاری کا ہو یا ملیر کا ہو، کوئی بھی علاقہ ہو وہاں کی صورتحال آپ جا کر دیکھ لیں، وہاں بھی WAPDA کی یہی صورتحال ہے۔ آج صوبہ سندھ کا کوئی بھی ضلع ہو جیسے لاڑکانہ ہو، سکھر ہو، خیرپور ہو، حیدرآباد ہو، بدین ہو، تھرپارکر

ہو یا دادو ہو وہاں بھی یہی sameصورتحال ہے۔ کوئی نہ کوئی تو اس کی روک تھام ہونی چاہیے، کچھ تو لوگوں کو سہولت ملنی چاہیے کہ اس طریقے سے لوگوں کے ساتھ زیادتی نہ ہو۔ تو میری یہی گزارش ہے کہ یہ جو gasکی load sheddingاور low pressure ہے، بجلی کی load sheddingہے، کم از کم اس کا تو کوئی سننے والا ہو۔

ہم یہاں عوام کے issuesپر بات کرتے ہیں اور highlightکرتے ہیں، لیکن شاید اس پر کوئی دادرسی نہیں ہوتی۔ تو میں نے کہا کہ کم از کم اس کے حوالے سے کوئی نہ کوئی ایسی policyبنائی جائے تاکہ لوگوں کے جو issuesہیں وہ حل ہوں، بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سید وقار مہدی صاحب، آج جمعہ بھی ہے، بہت مہربانی، سینیٹر مولانا عطاالرحمٰن صاحب۔

## Points of Public Importance raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding extortion by Police at Isakhel Interchange

سینیٹر مولانا عطاالرحمٰن: بڑی مہربانی چیئرمین صاحب، بہت شکریہ۔ گزارش یہ کرنی تھی کہ گزشتہ دنوں حکومت کی یہاں پر ایک توجہ مبذول کروائی گئی تھی۔ ہمارے Isakhel Interchange پر پولیس کا ناکا لگا ہوا ہے، جو main Motorwayپر یا main CPECپر کہیں نہیں ہے۔ لیکن صرف Isakhel Interchange پر ناکا لگا ہوا ہے، سواری والی گاڑیاں، عام گاڑیاں وہاں سے عیسیٰ خیل کی طرف اترتی ہیں اور پھر turnلے کر واپس CPECپر آتی ہیں۔ گزارش یہ کی تھی کہ مجھے تو وہ نہیں روکتے یا اس طرح کی کسی گاڑی کو، لیکن عام عوام کو بہت سخت تکلیف ہو رہی ہے۔ یہاں وعدہ بھی کیا گیا کہ ہم اس کا تدارک کریں گے، بات کریں گے، لیکن وہاں ابھی تک وہ بھتہ خوری پنجاب پولیس کی جاری ہے اور آئے روز لوگوں کو تنگ کیا جارہا ہے۔ تو ذرا اس کا پوچھنا تھا کہ Punjab Government نے یا ہمارے یہاں Interior Ministryنے یا ان لوگوں نے کوئی اقدام کیا ہے یا نہیں کیا؟ اگر کیا ہے، تو ذرا اس کی وضاحت ہو جائے اس کے متعلق کہ کیا ہوا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سید مسرور احسن صاحب! میرے خیال میں آپ نے بھی Gasپر بات کرنی ہوگی، اگر آپ کو یاد ہوگا تو۔۔۔

**Point of Public Importance raised by Senator Syed Masroor Ahsan regarding the unannounced load shedding of Gas and Electricity**

سینیٹر سید مسرور احسن: سب شور کرتے ہیں اور غریب عوام اگر ایک مہینے کا bill نہیں دے تو گھر کی بجلی کاٹ دیتے ہیں اور load shedding تو سارے ملک کا مسئلہ ہے۔ اگر آپ اس پر referendum کروالیں، تو ہمارے منہ پر لوگ کالک لگائیں گے۔ یہ بالکل غلط بات ہے کہ کہیں غیر اعلانیہ load shedding نہیں ہو رہی۔ سارے ملک میں غیر اعلانیہ load shedding ہو رہی ہے۔ اور جناب! مزے کی بات یہ ہے کہ اگر ہمارا کوئی دس ہزار کا bill آ جائے اور ہم مہینے میں bill نہیں دیتے، تو وہ فوراً کاٹ دیا جاتا ہے۔ اخبارات میں reports ہیں کہ سرکاری محکموں کے ذمے بجلی کے واجب الادا رقم پونے تین کھرب روپے تک پہنچ گئی ہے۔ Good Governance, even وفاق میں، وفاقی حکومت کے ادارے ایک کھرب چھبیس ارب اکتیس کروڑ روپے واجب الادا ہیں۔ ان سے تو لے لو یار! ہم سے تو ہر چیز میں sales tax بھی کاٹ دیتے ہو، surplus charge اور پتا نہیں کون کون سا غریبوں سے لے لیتے ہو۔ دیکھیں governance اپنے گھر سے ہی اچھی چلے گی، پہلے آپ اپنے گھر کو اچھا کریں، پھر ساری چیزوں کو آگے کریں۔ آپ World Bank کے اشارے پر سب کام کرتے ہیں، World Bank ہی کہہ رہا ہے کہ طاقتور اشرافیہ، تو جب میں نے ایک مرتبہ کہا تو وزیر صاحب کو بُرا لگا کہ آپ بھی تو ہیں حکمران طبقات میں۔ ہم آپ کے اتحادی ہیں اور ہم آپ کے ساتھ ہیں، ساتھ چل رہے ہیں، لیکن یہ مطلب نہیں ہے اتحادی کا کہ ہم غریبوں کا گلا گھوٹ کر اور اپنی بات کرتے رہیں۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ سارے ملک میں جہاں بھی load shedding ہو رہی ہے، لوگوں کی load shedding ختم کی جائے، ان کو بجلی فراہم کی جائے اور پھر اس کے بعد کرتے کیا ہیں؟ بجلی والے کرتے یہ ہیں کہ عوام کو عوام سے لڑوانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ادھر کا تو star consumer ہے، وہ bill دے رہا ہے۔ اس کی PMT کو کچھی آبادی میں ملا دیں گے، کہیں گے یہ لوگ bill نہیں دیتے، کنڈا لگاتے ہیں، اب آپ اس کی سزا بھگتو۔ بھئی! تو ریاست کدھر ہے؟ ریاست کی طاقت کدھر ہے؟ ہم تو ریاست کی طاقت کو بڑی اہمیت دیتے ہیں اور اس پر believe کرتے ہیں اور سارے معاملات کو سمجھتے ہوئے ہم یہاں بیٹھ کر اس سارے نظام کو چلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن جناب، میری گزارش آپ کے توسط سے یہی ہے کہ بجلی کی load shedding اور even gas ابھی رمضان آ رہا ہے۔ اعلان ہو گا کہ رمضان میں افطار اور سحری کے اوقات کا یہ اعلانیہ ہے اور افطار اور سحری

کے وقت گیس چلی جائے گی، بجلی بھی چلی جائے گی، یہ دیکھ لیجیے گا۔ تو میری گزارش ہے کہ خدا کے واسطے، اللہ اور رسول کے واسطے، یہ اوپر کلمہ لکھا ہوا ہے، یہ آیت لکھی ہوئی ہے، اس کے واسطے عوام کو کچھ دو یار۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر سید مسرور احسن: نہیں، ابھی شکریہ نہیں۔ ابھی میں ایک اور بات کروں گا۔ دیکھیں، مجھے تھوڑی سی بات کرنے دیں، میں بھی اپنا بخار نکال لوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آج جمعہ ہے۔

سینیٹر سید مسرور احسن: آج جمعہ ہے، میں بھی نماز پڑھنے جاؤں گا، شلوار کرتا میں بھی پہن کے آیا ہوں۔ لیکن جب عوام کے مسائل کی بات ہوتی ہے، تو پھر آپ جمعہ اور اتوار بتا دیتے ہیں۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ اب وزیر صاحب تو چلے گئے، کیا جواب ہوگا؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر رانا ثناء اللہ صاحب تشریف رکھتے ہیں۔

سینیٹر سید مسرور احسن: سینیٹر رانا ثناء اللہ صاحب محترم ہیں، میں ان کی عزت کرتا ہوں، بڑے تحمل سے سنتے ہیں اور جواب بھی تحمل سے دیتے ہیں، سیاسی آدمی ہیں، صحیح بات ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ ذرا اس مسئلے کو سنجیدگی سے دیکھا جائے، اور ان حکمرانوں پر جو اتنے کھرب، کھرب، کھرب روپے چڑھ رہے ہیں، اس کا بھی حساب لیا جائے کہ یہ کیوں چڑھ رہے ہیں؟ کیا بجلی کے bill نہ دینے والے وفاقی اداروں نے اپنے کسی محکمے کے خلاف کارروائی کی؟ نہیں کی تو ذرا مہربانی کریں۔

اس کے بعد ایک عوامی اہمیت کا، ہراسانی کا، ایک خاتون کا ایک مقدمہ آپ کے توسط سے پیش کروں گا۔ Federal Urdu University کے Chancellor Sahib وہ عورتوں کو ہراساں کرتے ہیں اور جب وہ کوئی اپنے مسئلے پر بات کرنے جاتی ہیں، تو وہ کیا کہتے ہیں ذرا سنیے: after 35 years women go through hormonal changes related to menstruation because of which their brain gets affected and they become crazy and create problems for others. تو ذرا اس بات کو دیکھیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب! پہلی بات جو آپ نے کی ہے بجلی اور گیس کی وہ November 13th کو سینیٹر وقار مہدی صاحب اور آپ نے بات کی تھی، تو ہم نے Committee کو refer کیا تھا۔ تو آپ سے گزارش ہے Committee میں جائیں، گزارش سنیے گا، چونکہ یہ آپ کی request پر Committee کو جا چکا ہے، تو میرے خیال میں جو سینیٹر وقار مہدی صاحب نے آج بھی بات کی ہے اور November 13th کو بھی کی تھی، آپ دونوں دوستوں سے یہ گزارش ہے Committee میں جائیں۔ دوسرا جو آپ نے اس میں کہا۔۔ سن لیجیے گا۔۔ مسرور صاحب۔

سینیٹر سید مسرور احسن: آپ نے یہ کہا تھا کہ gas کے سلسلے میں gas کے secretary کو کہا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: گزارش یہ ہے، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ Committee میں تشریف لے جایئے گا اور اس کے علاوہ میری دوسری گزارش، آپ نے بڑے اہم issue پر بات کی ہے، میں اس کو بھی Committee میں بھیج دیتا ہوں، وہاں پر جا کر آپ یہ بات کر لیجیے گا، بہت شکریہ۔ سینیٹر مشال اعظم صاحبہ۔

## Points of Public Importance raised by Senator Mashal Azam regarding denial of permission to meet with wife of Founder of PTI and remarks passed by Senator Khalil Tahir

سینیٹر مشال اعظم: بہت شکریہ چیئرمین صاحب۔ میں آج اس ایوان کی توجہ دو مسائل کی طرف لانا چاہتی ہوں۔ سب سے پہلی بات کہ ہمارے leader عمران خان صاحب اور ان کی اہلیہ غیر قانونی طور پر پابندِ سلال ہیں۔ ان کے ساتھ غیر انسانی سلوک ہو رہا ہے۔ عمران خان صاحب کی اہلیہ October 16th کے بعد کسی سے نہیں ملی ہیں، نہ ان کی family کی ان تک رسائی ہے، نہ ان کو جیل میں خان صاحب سے ملنے دیا جا رہا ہے۔

(جاری۔۔۔۔۔ T08)

T08–05Dec2025 Imran/ED: Mubashir 11:50 am

سینیٹر مشال اعظم: (جاری۔۔۔) نہ اُن کی family کی اُن تک رسائی ہے، نہ اُن کو جیل میں خان صاحب سے ملنے دیا جا رہا ہے، نہ اُن کے وکیلوں کی اُن تک رسائی ہے اور نہ اُن کے doctors کی اُن تک رسائی ہے۔ وہ اس time complete solitary

confinement میں ہیں۔ اُن کا جرم صرف ایک ہے کہ وہ عمران خان صاحب سے وفا نبھا رہی ہیں اور pressure قبول نہیں کر رہی ہیں۔ یزید کے آگے سر تسلیم خم نہیں کر رہی ہیں تو اُن کے ساتھ یہ سلوک ہو رہا ہے۔

رانا ثناء اللہ صاحب یہاں پر بیٹھے ہیں۔ مریم نواز کہتی ہیں کہ میں پنجاب کی ماں ہوں۔ ہمیں لگتا ہے کہ وہ پنجاب کی سوتیلی ماں ہیں۔ اس وقت اڈیالہ جیل اُن کے under آتا ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ پنجاب میں میری رٹ ہے تو اگر پنجاب میں اُن کی رٹ ہے تو پھر یہ سارا سلوک مریم نواز کرا رہی ہے۔ یہاں ہم نے بڑی باتیں سنیں ہیں کہ خان صاحب کو VIP, VVIP jail facilities دی جا رہی ہیں۔ کل میں نے یہاں پر دو وفاقی وزرا کی press conference دیکھی۔ مجھے افسوس بھی ہوا کہ ہمارے ملک کے Law minister human rights کے حوالے سے اتنے دھڑلے سے کہہ رہے ہیں کہ آج کے بعد خان صاحب سے تمام ملاقاتیں بند ہوں گی۔ آپ کے ملک میں ایک بھارتی ایجنٹ بند ہے اور آپ اُس کی فیملی سے اُس کی ملاقاتیں کرا رہے ہیں اور اس ملک کا مقبول ترین لیڈر اور ایک سابق وزیر اعظم کے بارے میں آپ یہاں پر ہمیں یہ کہہ رہے ہیں۔

یہاں پر ہمیں کہا گیا کہ ان کو جیل میں VVIP treatment دی جا رہی ہے۔ جناب! میں چاہتی ہوں کہ اس ایوان کی ایک کمیٹی بنے جس کی سربراہی رانا ثناء اللہ صاحب کریں کیونکہ وہ ہمارے لیے معزز ہیں۔ وہ اپنے ساتھ national and international media دونوں لے کے جائیں اور ہمیں دکھائیں کہ خان صاحب کو کس قسم کی جیل facilities دی جا رہی ہیں، اُن کو کس حال میں رکھا گیا ہے، اُن کے پاس کیا کیا سہولیات ہیں اور اُن کے ساتھ کیسا رویہ رکھا جا رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر مشال اعظم: جناب! ایک منٹ۔ ہم نے یہاں سب کی بڑی باتیں سنیں ہیں، آج میری بات بھی سنیں کیونکہ ہمیشہ جب بھی میں بات کرتی ہوں تو کورم ختم ہو جاتا ہے یا اجلاس ملتوی کر دیتے ہیں۔ جناب! میں چاہتی ہوں کہ یہاں پر خواتین ہمارے ساتھ مل کر چلیں اور ہمیں دکھائیں کہ بشریٰ بی بی صاحبہ اس وقت کس حال میں اڈیالہ جیل میں رہ رہی ہیں۔ آپ ہمیں بتائیں کہ آپ اُن کی فیملی کو اُن سے ملاقاتیں کیوں نہیں کرنے دے رہے۔ پچھلے چھ ہفتوں سے اُن کی family آ رہی ہیں، چھ، چھ یا سات، سات گھنٹے اڈیالہ جیل کے باہر کھڑی رہتی ہیں اور اُن

سے کہا جاتا ہے کہ جی آپ کی ملاقات نہیں ہو سکتی۔ وہ family لاہور سے آتی ہیں اور سات گھنٹے کھڑی ہو کر واپس چلی جاتی ہیں۔ جناب ! اس ملک میں قانون، آئین اور انسانی حقوق کا یہ تماشا لگا ہوا ہے۔

جناب ! میں اس ایوان کی member ہوں۔ خان صاحب کی legal team کا حصہ ہوں۔ عمران خان صاحب اور بشریٰ بی بی صاحبہ کے تمام وکالت ناموں میں میرا نام ہے۔ خان صاحب کی طرف سے باقاعدہ درخواست دی گئی ہے لیکن اس کے باوجود میری entry بند ہے۔ Islamabad high Court کا larger bench, جو میری وجہ سے راتوں رات بن گیا تھا کیونکہ انہوں نے میری entry بند کرائی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جی lists میں نام دیں۔ Lists میں نام جا رہا ہے لیکن ملاقات نہیں ہو رہی۔ پھر آپ یہاں آ کر کہتے ہیں کہ جی اُن کو VVIP جیل دی جا رہی ہے۔ اگر آپ سچ نہیں بول سکتے تو براہ مہربانی ایسی باتیں نہ کریں۔ اگر آپ کے بس میں نہیں ہے اور ہمیں پتا ہے کہ آپ pressure میں ہیں، مجبور ہیں، آپ کے بس میں یہ چیزیں نہیں ہیں تو پھر ایسی باتیں نہ کیا کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ سینیٹر مشال اعظم صاحبہ۔

سینیٹر مشال اعظم: جناب ! میں صرف ایک اور بات کرنا چاہتی ہوں کہ یہاں پر طاہر سندھو صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ کل انہوں نے live television پر میرے بارے میں حامد میر صاحب کے شو میں کچھ الزامات تراشی کی۔ جناب ! میں اس حوالے سے بھی چاہتی ہوں کہ اس ایوان کی ایک Investigation Committee بنے۔ یہ میں چاہتی ہوں۔ میں عمران خان کے نام سے آئی ہوں اور میری کوئی ذاتی پہچان نہیں ہے۔ میں عمران خان کے نام اور اُن کے ووٹ سے اس ایوان کا حصہ بنی ہوں اور ہماری party میں کوئی پیسے لے کر یا دے کر نہیں بنتا۔ PTI میں سینیٹر وہ بنتا ہے جس کا نام عمران خان دے اور وہ عمران خان کے ووٹ سے بنتا ہے۔

انہوں نے بات کی، مزے کی بات میں نے ان کی سنی اور میں نے ان کے clip دو مرتبہ دیکھے کہ یہ کیا کہہ رہے ہیں کہ میں پیسے لے کر آئی ہوں یا دے کر آئی ہوں کیونکہ مجھے اُن کی بات سمجھ ہی نہیں آئی۔ پھر اُنہوں نے کہا ہے کہ جی مشال یوسف زئی نے پیسے لیے ہیں اور سینیٹر بنی ہے۔ میں نے کہا کہ واہ! میں نے تو کمال کر دیا ہے کیونکہ ہم نے تو یہاں دیکھا ہے کہ لوگ پیسوں کے لیے بک جاتے ہیں اور اپنی party کی وفاداریاں توڑ دیتے ہیں۔ Recent example ہمارے پاس 27th amendment ہے کہ کیسے ہماری party کے ایک سینیٹر صاحب اور مولانا صاحب کے پارٹی کے ایک سینیٹر صاحب نے floor crossing کی اور پھر کیا ہوا؟ جناب ! بڑے دھڑلے سے اُنہیں کہا گیا کہ

ہم آپ کو دوبارہ لے آئیں گے۔ یہ اتنا unfortunate ہے۔ جناب! ایک منٹ۔ میں چاہتی ہوں کہ اس ایوان کی Investigation Committee بنے۔

میں رانا ثناء اللہ صاحب سے کہنا چاہتی ہوں کہ آپ اپنے لوگوں کو جمہوری اور اخلاقی طرزِ عمل سکھائیں۔ Stunts نہ کھیلیں۔ اگر آپ irrelevant ہیں اور آپ ہمارا نام لے کے relevant ہونا چاہتے ہیں تو چلیں! اگر آپ یہ کرنا چاہتے ہیں تو اس پر تو ہم کچھ کہہ نہیں سکتے لیکن اگر آپ جمہوری طریقے سے بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ یہاں آ کر بات کریں اور کوئی جرات نہ کرے۔ جناب! ہم عمران خان صاحب کے سپاہی ہیں، اُن کے وفا دار ہیں اور اُن کے ساتھ کھڑے رہیں گے چاہے جو مرضی ہو جائے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ سینیٹر مشال اعظم۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں آپ کو موقع دوں گا، آپ تشریف رکھیں۔ آپ کو بالکل موقع دوں گا۔ پہلے مجھے ایک announcement کرنے دیں۔ آپ کو جواب دیں گے۔ ایک سیکنڈ تشریف تو رکھیں۔ ایک announcement ہے۔

The notices of the question which were received for the current session that could not be taken up in the house will not lapse on the prorogation of the session and will be carried forward for the next session.

دوستو! میں ایک اور بات بتاؤں کہ جس کی طرف ہماری توجہ نہیں گئی ہے کہ کل صدر پاکستان نے قومی ہیرو فیلڈ مارشل سید عاصم منیر صاحب Chief of Army Staff کو پہلا Chief of Defense Forces یعنی تینوں مسلح افواج کا سربراہ تعینات کر دیا ہے اور Air Chief Marshal ظہیر احمد بابر سدھو صاحب کی سروس میں دو سال کی توثیق کی ہے۔ تو میری دونوں عسکری سربراہوں کو مبارک باد، پاکستان سلامت رہے اور فوجی command اسی طریقے سے ہمیں achievements دیتی رہے۔

اب چونکہ آپ کے لئے بات کی گئی ہے تو بجائے رانا صاحب جواب دیں، طاہر سندھو صاحب۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب! آپ گزارش سن لیں، آپ کو floor دے رہے ہیں۔ آپ دیکھیں طاہر صاحب! بات یہ ہے کہ House کاماحول۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، اس کے بعد مولانا صاحب۔ اسی لئے میں نے گزارش یہ کی ہے کہ ہم دوست ہیں اور یہ Upper House ہے، اسی طریقے سے اور افہام و تفہیم سے ایک دوسرے کو سن کر بات کریں، یہ بہتر ہوگا۔ جی آپ بات کریں اور کیا یہ آپ کو معلوم ہے کہ وہ وکیل ہیں اور وکیل پیسے لے کر ہی سب کام کرتے ہیں۔

**Senator Khalil Tahir**

سینیٹر خلیل طاہر: جناب! I am also an advocate of Supreme Court اور یہ آپ کو پتا ہے۔ میں نے International Law بھی کیا ہوا ہے۔ جناب چیئرمین! اگر آپ ایک منٹ میری بات سن لیں گے تو I will be highly grateful. مجھ پر personal بات کی گئی ہے نا۔ پہلے نمبر پر یہ بات کہ پارٹی میں ٹکٹ کے لیے پیسے لینا یا دینا۔ میری پارٹی میں میاں محمد نواز شریف سے لے کے آج تک میں چار دفعہ پنجاب میں رہا ہوں، میاں صاحب کے بعد، اللہ تعالیٰ کے بعد اور یہ مرد مومن، مرد مجاہد رانا ثناء اللہ خان صاحب بیٹھے ہیں۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ منسٹر بھی رہے ہیں۔

سینیٹر خلیل طاہر: جناب! میری بات سن لیں۔ میں چار دفعہ منسٹر رہا ہوں۔ میاں صاحب کے بعد اِنہوں نے بنایا ہے۔ کبھی آج تک ایک single penny نہ کسی کو دی ہے اور نہ کبھی لی ہے اور میں ساری زندگی ان کا شکر گزار ہوں۔ جناب! یہ بات یہ ہے اور میں اس کو own کرتا ہوں لیکن یہ میری لیے بہت قابل احترام ہیں۔ یہ NDU میں گئی ہیں اور جناب! وہاں ساری پارٹیاں جاتی ہیں اور ہمارا بھائی ثنااللہ مستی خیل بھی گیا ہے۔ خان صاحب نے اپنی بہن کو کیا کہا ہے جس پر بہت بڑا اور لمبا چوڑا tweet بھی چلا ہے۔ وہ بھی میرے پاس ہے اور پھر جو گفتگو ہوئی ہے، وہ بھی میرے پاس ہے کہ یہ میر جعفر اور میر صادق ہیں۔ میں جن سے نہیں ملنا چاہتا، یہ اُن کو جا کر ملتے ہیں اور یہ میری جان لینا چاہتے

ہیں۔ اگر یہ بات غلط ثابت ہو تو جناب I will resign. اگر یہ درست ثابت ہوئی تو she will resign. تو جناب! یہ Ok ہو گیا۔ آپ اس پر کمیٹی بنائیں۔ آپ بسم اللہ کریں اور کمیٹی بنائیں۔ یہ بات اب میں کر رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: طاہر صاحب! میں اس بات پر رانا ثناء اللہ صاحب سے request کروں گا، جی رانا صاحب۔

**Senator Rana Sana Ullah Khan**

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جناب چیئرمین! محترم سینیٹر صاحبہ نے جو بات کی ہے وہ انہوں نے اپنا ایک موقف پیش کیا ہے۔

(جاری۔۔۔۔۔T09)

T09-05Dec2025 Abdul Ghafoor/ED: Khalid 12:00 pm

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: (جاری۔۔۔۔) جناب چیئرمین! محترمہ سینیٹر صاحبہ نے جو بات کی ہے وہ انہوں نے اپنا ایک موقف پیش کیا ہے، اُس کے مقابل حکومت کا ہمارا بھی ایک موقف ہے، اب یا تو یہ ہے کہ دونوں فریق جو ہیں وہ table پر بیٹھیں اور ایک دوسرے کے موقف کو confront کریں، اُس کے بعد کسی consensus پر پہنچیں۔ جمہوریت اسی چیز کا نام ہے۔ اسی کو کہتے ہیں کہ جمہوریت dialogue سے آگے بڑھتی ہے deadlock سے آگے نہیں بڑھتی۔ Prime Minister of Pakistan جو ہمارے قائدِ ایوان بھی ہیں Parliamentary Leader بھی ہیں وہ record پر ہیں، انہوں نے دو مرتبہ on the floor of the House سامنے opposition کی جو معزز قیادت بیٹھی تھی انہیں یہ کہا کہ آئیں بیٹھیں اور تمام issues کے اُوپر ہم بیٹھ کر بات کر لیں ہم ان issues کو resolve کرنے کو تیار ہیں۔ بلکہ انہوں نے یہاں تک کہا کہ میں آپ کو اپنے پاس نہیں بلاتا، آپ اسپیکر صاحب کے chamber میں روز جاتے ہیں، آپ وہاں پر مجھے time دے دیں، میں بھی وہاں آ جاؤں گا ہم وہاں بیٹھ کر آپ کے ساتھ تمام issues پر discussion کرنے کو تیار ہیں۔ انہوں نے یومِ آزادی 14 اگست پر جو speech کی اس میں بھی انہوں نے یہ کہا کہ آئیں Misaq-e-Istehkam-e-Pakistan کے لیے بیٹھیں، بات کریں اور تمام issues جو political issues بھی ہیں جہاں سے آپ چاہیں بات شروع کر لیں ہم ان کو resolve کرنے کو تیار ہیں۔

اگر محترمہ سینیٹر صاحبہ جو بات کر رہی ہیں، معاملہ یہ ہے کہ ان کی قیادت ،ان کی leadership on record ہے کہ ہم لوگ ان کے ساتھ بات کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ جن کے ساتھ وہ بات کرنے کو تیار ہیں وہ ان کے ساتھ بات کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ اس صورتِ حال میں ٹھیک ہے، House میں اُن کو اپنا موقف پیش کرنا چاہیے، میڈیا میں بھی پیش کرنا چاہیے لیکن اس کے مقابل ہمارا بھی یہ موقف ہے کہ قانون اور rules کے مطابق prison rules ہیں وہاں پر جو ملاقات ہے اُس ملاقات کو ملک کے اندر کوئی تحریک چلانے، حکومت کے خلاف کوئی sentiment اُبھارنے یا ایسی صورتِ حال پیدا کرنے جس سے امن وامان کی صورتحال پیدا ہو اس کی اجازت نہیں ہے،نہ jail rules نہ jail laws کسی بھی convict کو وہ under-trial ہو یا convict ہو اُسے اِس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ جیل میں بیٹھ کر امن وامان کی صورتحال پیدا کرے۔ تین روز پہلے meeting ہوئی ہے محترمہ عظمٰی صاحبہ کی جو عمران خان صاحب کی ہمشیرہ ہیں وہاں پر جو گفتگو ہوئی ہے، جو مختلف ذرائع سے میڈیا تک اور ہم تک پہنچی ہے اُس میں اگر ایک لفظ بھی یہ ہو کہ family سے ملاقات سے متعلق ہو، تو پھر بات ہو سکتی ہے۔ وہ چیزیں ان کے سامنے بھی رکھی جا سکتی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ رانا صاحب۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: اس گفتگو میں انہوں نے پورا یہی کہا کہ آپ باہر یہ کریں، یہ کریں، ایسے کریں، ایسے کریں جس بات کا حوالہ سینیٹر طاہر خلیل دے رہے ہیں بالکل یہ بات وہاں ہوئی ہے اور بھی اس طرح کی باتیں ہوئیں ہیں کہ اپنی پارٹی کے لوگوں پر پیسے کے لینے دینے کے الزامات ہیں، کسی کو نکال دو، کسی کو رکھ لو۔ معاملہ یہ ہے کہ اگر کمیٹی بنانا چاہتی ہیں تو پہلے وُہ اپنی پارٹی کی قیادت سے اِس بات کو واضح کروالیں یا اس پر instructions لے لیں کہ یہ لوگ کسی کے ساتھ بیٹھنے، کسی کے ساتھ گفتگو کرنے یا بیٹھ کر معاملات کو resolve کرنے کے لیے تیار بھی ہیں یا نہیں ہیں۔اگر یہ تیار ہیں تو ہم بالکل dialogue کے لیے تیار ہیں۔اس سے پہلے Prime Minister نے بھی offer کی ہے اور یہ offer آج تک بھی موجود ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: رانا صاحب بہت شکریہ۔ سینیٹر عبدالواسع صاحب۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک منٹ سینیٹر صاحبہ۔آج جمعہ ہے آپ کو بولنے کا موقع دیا۔ وکیل سینیٹر صاحبہ تشریف رکھیں۔ مولانا عبدالواسع صاحب۔

## Point of Public Importance raised by Senator Abdul Wasay regarding visa restriction for Pakistani Nationals by the UAE and other gulf countries

سینیٹر عبدالواسع: شکریہ، جنابِ چیئرمین! میں House کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ ہمارے لوگ اور پاکستان کے عوام زیادہ تر اپنے ملک سے باہر وہاں اپنے بچوں، اُن کی زندگی گزارنے کے لیے، پیٹ پالنے کے لیے بیرونی ممالک میں مزدوری کرتے ہیں خاص کر خلیجی ممالک میں لیکن ابھی باقاعدہ سرکاری notification Emirates کی طرف سے بھی، دوسری خلیجی ممالک کی طرف سے بھی ہوگیا ہے کہ ہمارے پاکستان کے لوگوں کے لیے visas بند کردیے گئے ہیں۔ ویزے بند کرنے کے بعد خاص طور پر پورے ملک کا انحصار اس پر ہے لیکن بلوچستان، خیبر پختونخوا اور سندھ اِن علاقوں میں سے یہ سب لوگ وہاں جاکر مزدوری کرتے ہیں، گھروں کو بسانے کے لیے اپنے بچوں کو پالنے کے لیے وُہ یہاں پر remittances لاتے ہیں جس سے ملک کو بھی فائدہ ہوتا ہے کیونکہ وہاں سے ہمارے account میں پیسے آجائیں گے، ڈالر آجائیں گے۔

جناب چیئرمین! اس حوالے سے میں گزارش کرتا ہوں کہ رانا ثناء اللہ صاحب تشریف فرما ہیں کہ بہت اہم مسئلہ ہے کیونکہ یہاں پر دہشت گردی، بے روزگاری ہے۔ بلوچستان میں نہ زراعت ہے، معدنیات میں بھی جھگڑے شروع ہوگئے، زراعت بھی تباہ ہوگئی، بارڈر بھی بند ہوگئے۔ خیبر پختونخوا میں بھی اسی طرح کی صورتِ حال ہے۔ ملک کے دوسرے حصوں میں بھی دہشت گردی کی وجہ سے لوگ بے روزگار ہیں۔ بڑے بڑے کارخانے والے وہاں پر جاتے ہیں، باہر ممالک جاکر اپنے کارخانے کھول لیتے ہیں، یہاں پر ان کے لیے کچھ نہیں۔ اب ان حالات میں اگر مزدور طبقہ پر عام عوام پر وہاں پابندی ہو جاتی ہے تو ہم تباہی کی طرف جارہے ہیں۔ کس طرح ہو سکتا ہے؟ لیکن اس میں میری پرزور رانا ثناء اللہ خان صاحب سے گزارش ہے کہ اس مسئلے کو اہم طریقے سے اٹھائیں اور جہاں جہاں رابطہ ہو سکتا ہے یہ کھلوا دیا جائے۔ میں Emirates گیا تھا تو وہاں پر سارے لوگ جمع ہوگئے تو انہوں نے یہی پیغام مجھے دیا ہے کہ پاکستان کی Parliament اور Senate سب ہمارے لیے کوشش کریں کہ visas کھل جائیں۔

جناب والا! اسی حوالے سے دو تین مرتبہ ادھر قرارداد بھی پیش ہوئی اور توجہ بھی دلائی گئی کہ بلوچستان کے حوالے سے جہاز اور اُس کی tickets کا بھی معاملہ ہے۔ ابھی آپ Emirates میں جاتے ہیں تو 35-30 ہزار 40 ہزار میں جا سکتے ہیں لیکن کوئٹہ سے آتے ہوئے ادھر تقریباً 60 ہزار، 70 ہزار، ایک لاکھ تک جب emergency میں ہم جاتے ہیں تو tickets ہوتے ہیں۔ ہمارے لیے یا اس طرح کے لوگوں کے لیے چلیں کچھ نہ کچھ کر لیتے ہیں لیکن وہاں دہشت گردی کی وجہ سے روڈوں پر سارے خطرات ہیں۔ آپ نے دیکھا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے روڈ پر، ڈیرہ غازی خان کے روڈ پر اور کہیں کراچی کے طرف سارے روڈوں پر جو واقعات ہوئے ہیں، لوگوں کو اتارتے ہیں اور مارتے ہیں، قتل کرتے ہیں اگر وہ کچھ مزدوری کرکے یا ادھر پنجاب یا اسلام آباد میں آتے ہیں یا دوسرے اضلاع میں جاتے ہیں تو جہاز کے ذریعے جا سکتے ہیں۔ اب جہاز کے tickets آسمان سے باتیں کر رہے ہیں۔ اِن بیچاروں کے لیے وہاں سے نکلنے کا کوئی طریقہ نہیں ہوتا ہے کیونکہ یہاں پر اِن کے لیے راستے خطرناک ہو گئے ہیں۔ وہاں اُن کی جیب اجازت نہیں دیتی کہ وہ ticket لے سکیں لیکن اب تک حکومت نے اس پر کوئی غور نہیں کیا تو میں فوری طور پر مطالبہ کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر مولانا عبدالواسع صاحب آپ نے بہت اہم issue اٹھایا ہے۔ سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

سینیٹر دنیش کمار: بہت بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مختصر، دو منٹ سے آگے مت لیجیے گا۔ آج جمعہ ہے، پلیز۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! میں آخری ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، پلیز۔

## Point of Public Importance raised by Senator Danesh Kumar regarding the missing of a girl and killing of a child in Badin

سینیٹر دنیش کمار: اس کے بعد کوئی بھی نہیں ہے۔ بہت بہت شکریہ۔ جنابِ والا! بلوچستان کے لوگوں کو ہمیشہ کہا جاتا ہے کہ وہاں پر بلوچستان کے لوگ مفت کی بجلی لے رہے ہیں، مفت کی گیس لے رہے ہیں۔ بدنام کیا جاتا ہے کہ بلوچستان کے لوگ ٹیکس نہیں دیتے۔ آج میں آپ کو ایک رپورٹ بتانا چاہتا ہوں۔ یہ میں نے نہیں کیا آپ کو بتا رہا ہوں FBR figures that Balochistan is highest in

tax to GDP ratio in all provinces اور یہ اس سال ہوئے ہیں کہ بلوچستان کا tax-to-GDP ratio تمام صوبوں سے زیادہ ہے۔ بلوچستان کے لوگوں کے لیے فخر کی بات ہے۔ رانا ثناءاللہ صاحب آپ کے یہاں سے لوگ کہتے تھے کہ بلوچستان کے لوگ بجلی چور ہیں، بلوچستان کے لوگ ٹیکس نہیں دیتے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر دنیش کمار صاحب chair کو address کریں۔ رپورٹ کس کی ہے؟ یہ بھی بتائیں بتادیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! FBR نے رپورٹ دی ہے کہ بلوچستان تینوں صوبوں سے tax-to-GDP ratio میں آگے ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو اس پر بلوچستان کو داد دینی چاہیے۔ دوسری رپورٹ جو کہتے ہیں نا کہ ایک تازہ ہوا کا جھونکا ہے بلوچستان کے لیے وہ ہے Federal Finance Ministry نے رپورٹ دی ہے کہ Balochistan is highest in cashless economy, as all government transactions are now digitalized تمام صوبوں سے زیادہ بلوچستان میں cashless economy فروغ پا رہی ہے۔ ہمیں کہتے ہیں کہ بلوچستان government بدعنوان ہے کیا؟ آپ کی طرف سے یہ سرٹیفیکیٹ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں Balochistan government کو salute پیش کرتا ہوں کہ وہ تمام صوبوں پر سبقت لے گئی ہے۔

جناب والا! اب میں اپنے ایک اور point پر آتا ہوں۔ میری آپ سے دو عرض ہیں، ایک ہماری معصوم بچی پریا کماری جو آپ کو یاد ہے چھ سال ہوئے ہیں ابھی تک recover نہیں ہوئی۔ ایک ہمارا بچہ ہے جس کو 2022 میں بدین میں خودکشی کا رنگ دیا گیا تھا پپو عرف نریش ٹھیک ہے جی۔ اس کا باقاعدہ investigation میں معلوم ہوا ہے کہ فلاں، اس کو قتل کیا گیا ہے، اس نے خودکشی نہیں کی۔ ابھی تک اس کا case resolve نہیں ہوا۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ اس کو قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کو بھیجیں تاکہ ہم بلوا کر۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، سینیٹر دنیش کمار صاحب report call کر لیتے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: نہیں جناب! قائمہ کمیٹی میں بھیجیں۔ میری آپ سے request ہے۔ جناب! سو مرتبہ رپورٹیں آئیں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر دنیش کمار صاحب اِس کو کمیٹی میں بھیج دیتے ہیں کہ interior اس کی report call کر لے گی۔

سینیٹر دنیش کمار: شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ سب دوستوں کاآج بڑے اچھے ماحول میں ہماراsession ہوا ہے۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: I will now read out the prorogation order received from the President.

"In exercise of the powers conferred by Clause 1 of the Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, hereby prorogue the Senate session on the conclusion of its business on Friday 5th December, 2025. Signed by President of Pakistan,

Sd/-

(Asif Ali Zardari)

President of Pakistan"

----------------

*(The House was then prorogued sine die)*

----------------